PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ٹیم سلیکشن میرٹ پر ہوگا، جیت ہمارا مشن ہے۔ محسن نقوی

پی سی بی چیرمین کی اسلام آباد میں کھلاڑیوں سے ملاقات

اسلام آباد 5 مارچ 2024۔
پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ ہم سب کا ایک ہی مشن ہے اور وہ ہے جیتنا اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب ہم سب اکٹھے ہوں۔

محسن نقوی نے ان خیالات کا اظہار منگل کے روز اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ میں شریک پاکستانی کرکٹرز سے ملاقات کے دوران کیا۔

اس موقع پر پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر۔ چیف سلیکٹر وہاب ریاض اور پی سی بی کے دیگر حکام بھی موجود تھے۔ محسن نقوی ہر کھلاڑی کے پاس گئے اور فرداً فرداً ان سے مصافحہ کیا۔

محسن نقوی نے اس موقع پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ان کے نزدیک سب سے اہم چیز میرٹ پر ہے اور ٹیم میں سلیکشن میرٹ پر ہوگا۔ اب یہ نہیں ہوگا کہ یہ فلاں کا بندہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ باصلاحیت کھلاڑیوں کو ٹیم میں آنے کے لیے انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑی ہمارے اسٹارز ہیں۔ وہ پرفارم کرنے

والے کھلاڑیوں کے ساتھ ہیں۔ سیاست کو ختم کرنا ہے اور گیارہ کھلاڑیوں کو اکٹھا کرنا ہے۔ گیارہ کھلاڑی اکٹھے ہو کر میدان میں اتریں گے تو ہمیں کامیابی ملے گی۔

انہوں نے کہا کہ کسی نے صحیح کیا ہے یا غلط وہ تنقید کرنا نہیں چاہتے۔

انہوں نے کہا کہ ہار جیت کھیل کا حصہ ہے۔ ہار بھی جائیں تو غم نہیں لیکن مقابلہ کر کے ہاریں۔ پاکستانی قوم کرکٹ سے والہانہ محبت کرتی ہے اور فائٹ کر کے ہارنے پر کوئی ندامت نہیں ہوتی۔

محسن نقوی نے کہا کہ ہمیشہ بڑے مقصد کے حصول کے لیے قربانی دینی پڑتی ہے۔ کھلاڑی پہلے پاکستان کو ترجیح دیں، آمدنی دوسری ترجیح ہونی چاہیے۔ کھلاڑیوں کے کنٹریکٹ کو مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ کھلاڑیوں کی فٹنس پر توجہ دی جائے گی۔

محسن نقوی نے کہا کہ وہ کرکٹرز کے لیے ہر وقت حاضر ہیں کھلاڑیوں کے لیے ان کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں۔ کھلاڑی جب چاہیں ان سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ نیشنل کرکٹ اکیڈمی کو بہتر کیا جائے گا جبکہ اسٹیڈیمز بھی اپ گریڈ کیے جا رہے ہیں۔ قذافی اسٹیڈیم اور نیشنل اسٹیڈیم کے قریب فائیو اسٹار ہوٹل کے حوالے سے تیاری کی جا رہی ہے۔ کرکٹ بورڈ کے پاس جتنے پیسے ہیں وہ کھلاڑیوں پر خرچ ہونگے۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیم کا شیڈول بہت مصروف ہے جس میں نیوزی لینڈ کی ٹیم پاکستان آنے والی ہے جبکہ پاکستان ٹیم کو انگلینڈ آئرلینڈ اور امریکہ جانا ہے۔ ٹریننگ کے لیے وقت نکالنا مشکل تھا تاہم 25 مارچ سے 6 اپریل تک کاکول میں کیمپ منعقد ہو گا۔

محسن نقوی نے پاکستان ٹیم کے کوچنگ اسٹاف کے ضمن میں کہا کہ اس سلسلے میں رابطے جاری ہیں اور بہترین دستیاب افراد کو کوچنگ اسٹاف میں لایا جائے گا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial